# 36472 ـ حج کرنافرض ہے چاہے بدعتی لوگوں کی معیت میں ہی کیوں نہ ہو

**سوال**

ہمارا تعلق اہل سنت سے ہے اورہم ایک شیعہ ملک کے رہائشی ہیں اورفریضہ حج کی ادائیگي کرنا چاہتے ہیں ، لیکن اپنے ملک کے باشندوں کے ساتھ سفرنہیں کرسکتے کیونکہ راستے میں بہت ساری مشکلات پیدا ہونگی کیونکہ وہ شیعہ مسلک سے تعلق رکھتے ہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر آپ میں حج کرنے کی استطاعت ہے توآپ پرفریضہ حج کی ادائیگي فرض ہے چاہے شیعہ لوگوں کے ساتھ ہی آنا پڑے ، لیکن آپ شیعہ کے شبہات اوران کے باطل مذھب سے بچ کررہیں ، اوراگر آپ کے لیے ممکن ہوسکے توانہیں نصیحت بھی کریں اورانہیں اہل سنت مذھب کی دعوت دیں کیونکہ ایسا کرنا واجب ہے ۔

اس لیے کہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

آپ اپنےرب کی راہ کی طرف لوگوں کو حکمت اوربہترین نصیحت کے ساتھ بلائیے اوران سے بہتریں طریقہ سے گفتگو کیجئے النحل ( 125 ) ۔

اس کے علاوہ بھی کئي ایک آیات ایسی ہیں جودعوت الی اللہ کے وجوب پردلالت کرتی ہیں ، اورلوگوں کو نیکی کا حکم دینے اوربرائي سے روکنے کا حکم دیتی ہیں ، اللہ سبحانہ وتعالی سب کے حالات درست فرمائے .